Ad 20cm x 2col

# اطلاع برائے نواں غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کیپٹل ایسٹس لیزنگ کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کا نواں غیر معمولی اجلاسِ عام بروز ہفتہ 24 جون 2017 کو دن 11:30 بجے بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 14 ویں منزل، چیپل پلازہ، حسرت موہانی روڈ کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1. شیئر ہولڈرز کے 24 ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ بروز جمعہ 28 اکتوبر 2016 کے نکات کی تصدیق اور ان کی منظوری۔
2. ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق نمبر 178 کے مطابق یکم جولائی 2017 سے تین سال کی مدت کیلئے کمپنی کے نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلے کے مطابق بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد نو (09) مقرر کی گئی ہے۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| جناب سعد سعید فاروقی | جناب اسد ناصر |
| جناب شاہ رخ سعید فاروقی | جناب بریگیڈیئر (ر) یعسوب علی ڈوگر |
| جناب فیصل اسماعیل | جناب فیضان حیدر خان |
| جناب حیدر علی ہلالی | |

ہر ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کرنے کا اہل ہے۔

3. چیئرمین کی اجازت سے کسی اور امور کی انجام دہی۔

کراچی: 2 جون 2017

بحکم بورڈ
سید ساجد نسیم
کمپنی سکریٹری

## نوٹس:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 18 جون 2017 سے 24 جون 2017 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔
2. کوئی ممبر بشمول ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز، جو ڈائریکٹر کے آفس کیلئے انتخاب میں حصہ لینا چاہتے ہیں، انہیں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 14 ویں منزل، چیپل پلازہ، حسرت موہانی روڈ، کراچی میں اپنے ارادے سے مطلع کرنا ہوگا۔ انتخاب میں خود کو پیش کرنے اور کمپنی کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کے خواہشمند ہونے کی اطلاع، غیر معمولی اجلاس کے انعقاد سے 14 دن پہلے جمع کرانی ہوگی۔ اپنے ارادے کی اطلاع کے ساتھ کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس کے تحت مطلوبہ متعلقہ ڈکلریشنز بھی جمع کرانے ہوں گے۔ SECP کے SRO 25(1) 2012 مجریہ 16 جنوری 2012 کے مطابق مطلوبہ تفصیلی پروفائل مع کمپنی کا پتہ جمع کرانا ہوگا۔
3. کمپنی کا کوئی ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کا اہل ہے، وہ اپنی جگہ پر شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کے تقرر کی اطلاع کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 14 ویں منزل، چیپل پلازہ، حسرت موہانی روڈ کراچی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے وصول ہو جانی چاہیے۔
4. وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے شیئر سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہوئے ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ساتھ لانا ہوگا۔ اگر پراکسیز ایسے شیئر ہولڈر کی جانب سے جاری کی گئی ہو تو اس کے ساتھ مستفید ہونے والے کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل ہمراہ ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ
(i) پراکسی کے فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہونا لازمی ہیں، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔
(ii) پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا لازمی ہے۔ اور (iii) اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی کو اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔
5. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کا نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر وہ پہلے نہ دیا جا چکا ہو)۔ اگر کسی کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی جانب سے پراکسی کا تقرر نامہ جاری کیا جائے تو اس صورت میں اس کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کا نمونہ دستخط بھی جمع کرانا ہوگا۔
6. وہ ممبرز جنہوں نے ابھی تک اپنے CNIC کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے، ان سے گزارش ہے کہ وہ یہ کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، C-241 بلاک 2 پی۔ ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس آف شارع قائدین، کراچی کو جلد از جلد بھجوادیں۔
7. شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی ہونے پر، اگر کوئی ہے، تو کمپنی کو فوری طور پر مطلع کریں۔
8. پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

calcorp CAPITAL ASSETS LEASING CORPORATION LIMITED